PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# انگلینڈ کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ سے قبل چار روزہ انٹرا اسکواڈ فرسٹ کلاس میچ آج سے شروع ہو گا

- پی سی بی گرین کی قیادت اظہر علی اور پی سی بی وائیٹ کی کپتانی سرفراز احمد کریں گے

**ڈربی،24جولائی 2020ء:**

ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل انگلینڈ کے خلاف 3 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کی تیاریوں کے سلسلے میں پاکستان کا دوسرا انٹرا اسکواڈ چار روزہ پریکٹس میچ آج سے دی انکورا کاؤنٹی گراؤنڈ ڈربی میں شروع ہو گا۔ پانچ اگست سے شروع ہونے والی سیریز سے قبل اس چار روزہ پریکٹس میچ کو فرسٹ کلاس میچ کا درجہ دیا گیا ہے۔

مقامی وقت کے مطابق صبح 11 بجے (پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر 3 بجے) شروع ہونے والے میچ میں پی سی بی گرین کی قیادت اظہر علی جبکہ پی سی بی وائیٹ کی کپتانی سرفراز احمد کے سپرد کی گئی ہے۔

میچ کے لیے اعلان کردہ دونوں ٹیموں کے 14 رکنی اسکواڈز مندرجہ ذیل ہیں:

**پی سی بی گرین:**

اظہر علی (کپتان)، عابد علی، اسد شفیق، بابر اعظم، شان مسعود، محمد رضوان، محمد عباس، نسیم شاہ، شاہین شاہ آفریدی، وہاب ریاض، یاسر شاہ، شاداب خان، محمد حفیظ اور محمد حسنین۔

**پی سی بی وائیٹ:**

سرفراز احمد (کپتان)، فہیم اشرف، فواد عالم، فخر زمان، افتخار احمد، عماد وسیم، حیدر علی، امام الحق، عمران خان، کاشف بھٹی، خوشدل شاہ، موسیٰ خان، سہیل خان اور عثمان شنواری۔

جمعہ سے شروع ہونے والا یہ چار روزہ انٹرا اسکواڈ پریکٹس میچ پانچ اگست کو انگلینڈ کے خلاف اولڈ ٹریفورڈ مانچسٹر میں شیڈول پہلے ٹیسٹ میچ کی تیاریوں کے سلسلے میں پاکستان کا آخری پریکٹس میچ ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم اس سے قبل 2، دو روزہ اور ایک چار روزہ انٹرا اسکواڈ پریکٹس میچ بھی کھیل چکی ہے۔

اس سے قبل کھیلے گئے چار روزہ انٹرا اسکواڈ پریکٹس میچ میں ٹیم گرین نے ٹیم وائیٹ کو 6 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ ٹیم وائیٹ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 249 رنز بنائے تھے، جواب میں ٹیم گرین کی ٹیم 181 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔ 68 رنز کی سبقت سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی ٹیم وائیٹ نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 284 رنز پر اپنی دوسری اننگز ڈکلیئر کی تو ٹیم گرین نے میچ کے آخری روز 353 رنز کا مطلوبہ ہدف 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔

گذشتہ انٹرا اسکواڈ پریکٹس میچ میں چھ نصف سنچریاں (محمد رضوان، اسد شفیق (2)، حیدر علی، بابر اعظم اور فخر زمان) اور 2 سنچریاں (محمد رضوان اور اظہر علی) بنیں۔ باؤلنگ میں نسیم شاہ اور سہیل خان نے ایک اننگز میں پانچ پانچ وکٹیں حاصل کیں۔

میڈیا اور فینز کی سہولت کے لیے میچ کی تصاویر، ویڈیوز اور اسکور کارڈ سے متعلق تمام تر تفصیلات پی سی بی فراہم کرے گا۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres

across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.




www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4